© rasailojaraid.com



## ✿ اسامہ بن لادن عظیم مجاہد، افغان عوام اور امتِ مسلمہ کے محسن ہیں

## ✿ اسامہ کو پاکستان، مصر یا کسی دوسرے مسلم ملک کے حوالے کرنے کی باتیں امریکی ایجنڈ تے ہو ... ہیں جلس احرار اسلام عصر حاضر کے تمام لادین غیر اخلا ی، سوں کا ڈٹ کر مقابلہ کرے گی

## ✿ طالبان کی اسلامی حکومت تعلیم، تبلیغ، جہاد کی برکت ہے

**امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ**

فیصل آباد (۹ فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا ہے کہ اسامہ بن لادن عظیم مجاہد، افغان عوام اور امتِ مسلمہ کے محسن ہیں۔ انہیں پاکستان، مصر یا کسی اسلامی ملک کے حوالے کرنے کی باتیں امریکی ایجنڈہ ہیں پاکستان میں اپنے شہریوں کو انصاف نہیں ملتا، اسامہ کے ساتھ کیا انصاف کریں گے۔ وہ جامعہ قاسمیہ فیصل آباد میں اجتماع جمعہ سے خطاب کر رہے تھے۔ اجتماع سے سپاہِ صحابہ کے رہنما اور مولانا ضیاء القاسمی کے جانشین مولانا زاھد محمود قاسمی نے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ یہ طالبان کا اپنا مسئلہ ہے ہماری حکومت کو اس میں مداخلت نہیں کرنا چاہیے سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ ہمارے اسلاف نے ہندوستان میں احیاء اسلام کی تابناک جدوجہد کی ہے حضرت شاہ ولی اللہؒ اوان کا خاندان، حضرت سید احمد شہیدؒ و شاہ اسمٰعیل شہیدؒ، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ، شیخ الہند محمود الحسنؒ، حضرت مدنیؒ، سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ اور ان کے ہم عصر تمام علماءِ حق نے اپنی زندگیاں نفاذِ اسلام کیلئے وقف کر رکھی تھیں علماء دیوبند ہی شاہ ولی اللہ کی جدوجہد کے امین بنے انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اپنے اسلاف کے کردار و عمل اور تابندہ فکر کو بحال کرنا ہوگا علماء ہی بے دینوں کا مقابلہ کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام تمام دینی جماعتوں کے شانہ بشانہ چل کر نفاذِ اسلام کی جدوجہد جاری رکھے گی۔ ہم عصرِ حاضر کے تمام لادین فتنوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے اور انہیں شکست و ذلت سے دوچار کریں گے۔ دینی مدارس ہمارے قلعے ہیں ہم اپنی جانوں پر کھیل کر ان کی حفاظت کریں گے۔ تعلیم، تبلیغ اور جہاد ہماری محنت کی مضبوط بنیادیں ہیں۔ اسلامی حکومت کا قیام انہی بنیادوں پر ممکن ہے۔ یہ بنیادی سنت ہیں انہیں چھوڑ کر کوئی کامیابی حاصل نہیں کی جاسکتی طالبان کی اسلامی حکومت، تعلیم، تبلیغ اور جہاد کی برکت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا اعلان ہے کہ کفار صرف اس لئے مال صرف کر رہے ہیں تاکہ مسلمانوں کو ان کی راہ سے گمراہ کریں امریکہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور یورپ کے کفار ومشرکین اور یہود ونصاریٰ مسلمانوں کے ہمدرد نہیں ان کے قرضے امداد اور ہمدردیاں مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کے راستے سے ہٹا کر، جہاد کا سبق بھلا کر انہیں بے دین بنانے کیلئے ہیں مسلمانوں کو اپنے وسائل پیدا کر کے اللہ کی نصرت پر یقین کرتے ہوئے دین کی محنت کرنی [redacted] طالبان سب سے بڑی مثال ہیں اللہ تعالیٰ کی عبادت، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت [redacted] حفاظت اور مخلوق کی خدمت ہمارے جہاد کا مقصد ہے ہم پوری قوت کے ساتھ کفر کے خلاف مزاحمت کریں گے۔

## جہاد قیامت تک جاری رہے گا اس کو ختم کرنے کی کسی میں جرأت نہیں

## جہاد فنڈز پر پابندی لگانے والے اسلام سے روگردانی کے مرتکب ہوئے ہیں

## وزیر داخلہ کے حالیہ بیانات پاکستان کو سیکولر سٹیٹ بنانے کی امریکی پالیسی کے عکاس ہیں

امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ

ملتان (۱۴ فروری) مجلس احرار اسلام کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری، ناظم اعلیٰ مولانا محمد اسحٰق سلیمی، ناظم نشر واشاعت عبد اللطیف خالد چیمہ اور سید محمد کفیل بخاری نے وزیر داخلہ جنرل ریٹائرڈ معین الدین حیدر کے اس بیان ''جہاد کے نام پر کسی کو چندہ لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی''۔ کی مذمت کرتے ہوئے اپنے مشترکہ اخباری بیان میں کہا ہے کہ وزیر داخلہ جہادی تنظیموں پر پابندی لگانے کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔ جہاد قیامت تک جاری رہے گا اس کو ختم کرنے کی کسی میں جرأت نہیں۔ جہاد بالمال کرنے کا اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے ان پر پابندی لگانے والے احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔ جہاد فنڈ پر پابندی لگانے والے اسلام سے روگردانی کے مرتکب ہوئے ہیں۔ وزیر داخلہ اپنے اس بیان پر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ وزیر داخلہ کے حالیہ بیانات پاکستان کو سیکولر سٹیٹ بنانے کی امریکی پالیسی کے عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی سفیر ولیم بی مائیلم کی حالیہ سرگرمیوں سے پاکستان کی فضا مکدر ہوئی ہے امریکی سفیر نے حکمرانوں کو جہادی تنظیموں پر پابندی عائد کرنے کا حکم دیا ہے۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ حکمران مغربی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے جہاد کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں انہیں جہادی اور بھتہ میں فرق معلوم ہونا چاہیے پاکستان کے غیور عوام ان ناجائز پابندیوں کو ہرگز قبول نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ مذہبی طاقتوں سے خائف و پریشان ہو کر اشتعال انگیز بیانات دے کر ملک میں بدامنی اور انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہے ہیں ایسے لادین عناصر کو حکومت میں رہنے کا کوئی حق نہیں۔ احرار رہنماؤں نے چیف ایگزیکٹو جنرل مشرف سے مطالبہ کیا کہ وہ سیکولر [illegible] وزیر داخلہ کو برطرف کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے اپنی دینی وملی غیرت کا ثبوت دیں کیونکہ ایسے عناصر ملک وملت کیلئے نقصانِ عظیم کا باعث بنتے ہیں انہوں نے کہا کہ فوج خود بہت بڑی جہادی تنظیم ہے لیکن جہادی تنظیموں کے خلاف کارروائیاں نہایت معنیٰ خیز ہیں پاکستان کی غیور قوم ان پابندیوں کو مسترد کرتے ہوئے مجاہدین کی مالی امداد کو جاری رکھیں گے۔

## بسنت غیر اسلامی، غیر اخلاقی اور ہندوانہ رسم ہے جس کو منا کر دو قومی نظریہ کی توہین کی جارہی ہے

ہندو کشمیری مسلمانوں کو بے گناہ قتل کر رہا ہے جبکہ اس تہذیب کو منانے والے شہداء کشمیر کے مقدس خون سے غداری کے مرتکب ہو رہے ہیں

یہود و نصاریٰ پاکستان دشمن اپنے ایجنٹوں کے ذریعے بسنت جیسی فضول رسم میں الجھا کر اپنے مقاصد کی تکمیل کر رہے ہیں

### سید محمد کفیل بخاری مدیر ماہنامہ نقیب ختم نبوت ملتان

ملتان (۱۷، فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے اپنے ایک اخباری بیان میں کہا ہے کہ بسنت، غیر اسلامی، غیر اخلاقی اور ہندوانہ رسم ہے جس کو منا کر نہ صرف اپنی معیشت کو کمزور کر کے بھارت کو معاشی طور پر مستحکم کیا جا رہا ہے بلکہ دو قومی نظریہ کی توہین کی جا رہی ہے۔ ہندو کشمیری مسلمانوں کو بے گناہ قتل کر رہا ہے جبکہ اس تہذیب کو منانے والے شہداءِ کشمیر کے مقدس خون سے غداری کے مرتکب ہو کر اپنی عاقبت خراب کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا بھارت پاکستان کا ازلی دشمن ہے وہ پاکستان کو ختم کرنے کی کوششوں میں مصروفِ عمل ہے۔ یہود و نصاریٰ، پاکستان دشمن اور اپنے ایجنٹوں کے ذریعے بسنت جیسی فضول رسم میں الجھا کر اپنے مقاصد کی تکمیل کیلئے سرگرم عمل ہے تاکہ پاکستانی قوم کو اخلاقی طور پر تباہ و برباد کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عالم کفر مسلم امہ سے اس کی تہذیب و ثقافت چھین کر، کیبل ٹی وی نیٹ ورک، ویلنٹائن ڈے اور بسنت جیسی کافرانہ رسومات رائج کر کے اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل اور بھیانک خواب کی سچی تعبیر دیکھنا چاہتا ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ طاغوتی و فرعونی طاقتوں کے پنجے سے نکل کر کافرانہ تہذیب کو ان کے منہ پر دے ماریں اور اپنی تہذیب و ثقافت کو سینے سے لگا کر اسلام دوستی اور حب الوطنی کا ثبوت دیں۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ بسنت نہ صرف وقت کا ضیاع ہے بلکہ یہ قیمتی جانوں اور پیسے کے بے جا تصرف کا موجب بھی ہے۔ کروڑوں روپیہ بسنت پر خرچ کرنے کی بجائے یہ رقم جہادِ کشمیر فنڈ میں جمع کرا دیا جائے تو یہ آزادی کشمیر کی نوید ثابت ہوگا۔ انہوں نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بسنت کی سرکاری سرپرستی کی بجائے اس پر پابندی لگائے تاکہ اس موقع پر ہونے والی فضول خرچی، بے ہودہ مصروفیات، فحاشی وعریانی اور دہشت گردی کا سدباب کیا جاسکے یہ اقدام وقت کی اہم ضرورت اور دیندار طبقہ کے دل کی آواز ہے۔

**طالبان پر اقوام متحدہ کی اقتصادی پابندیاں سراسر ناجائز اور ظالمانہ اقدام ہے**

عالم اسلام کا اخلاقی و دینی فرض ہے کہ وہ اس مشکل وقت میں طالبان کے دست و بازو بنیں

آپ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ جہاد قیامت تک جاری رہے گا

''بسنت،، اسلام اور مسلمانوں کے ازلی دشمن ہندوؤں کی رسمِ قبیح ہے

**امیر احرار حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ**

صادق آباد (۱۷، فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی امیر سید عطاء المہیمن بخاری نے دفتر احرار مدرسہ معمورہ میں کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ طالبان پر اقوام متحدہ کی اقتصادی پابندیاں سراسر ناجائز اور ظالمانہ اقدام ہے۔ عالم اسلام کا اخلاقی و دینی فرض ہے کہ وہ اس مشکل وقت میں طالبان کے دست و بازو بنیں۔ طالبان کی مالی امداد کر کے عالم طاغوت کو دندان شکن جواب دیں۔ انہوں نے بتایا کہ مجلس احرار اسلام نے اس دینی وملی فریضہ کو انجام دیتے ہوئے'' طالبان امدادی فنڈ'' قائم کر دیا ہے، گزشتہ دنوں دفتر احرار لاہور سے نقد رقوم اور گرم کپڑوں کا ایک ٹرک پہلی قسط کے طور پر افغانستان کے سفارتی نمائندے کے سپرد کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ نے جہاد کو دہشت گردی اور جہاد فنڈ کو بھتہ قرار دے کر اپنے خبثِ باطن کا اظہار کیا ہے۔ افسوس کہ امریکہ اور حکمرانوں کی بولی ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ اپنی جہالت دور کریں اور نبی علیہ السلام کے ارشادِ گرامی کا مطالعہ کریں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ'' جہاد قیامت تک جاری رہے گا'' اب وزیر داخلہ ہوں یا کوئی اور، وہ جہاد کو ختم کر سکتے ہیں نہ جہادی تنظیموں کو۔ انگریز بھی مرزا قادیانی کے ذریعے جہاد کو بند نہ کر سکے۔ حکمرانوں کے حالیہ بیانات اور اقدامات پاکستان کو سیکولر اور لبرل ریاست بنانے کی امریکی پالیسی کے عکاس ہیں۔ یہ اشتعال انگیزی ہے، جس سے ملک کی فضا مکدّر اور حالات کشیدہ ہوں گے۔ انہوں نے بعض شہروں میں پولیس کی طرف سے دکانداروں کو دھمکانے اور دکانوں سے جہادی فنڈ کے بکسوں کو ہٹانے اور اٹھانے کے کافرانہ اقدام کی شدید مذمت کی ہے انہوں نے کہا کہ یہ اشتعال انگیز ہے۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ قوم کو ''بسنت'' اور'' ویلنٹائن ڈے'' (یوم محبت) جیسی غیر اخلاقی اور کافرانہ رسومات میں الجھا کر اس کے اصل کام سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہٹایا جا رہا ہے۔ ایک مخصوص طبقہ پاکستان میں بے حیا اور آبرو باختہ معاشرہ تشکیل دینے کی کوششوں میں لگا ہوا ہے، ''بسنت'' اسلام اور مسلمانوں کے ازلی دشمن ہندوؤں کی رسم قبیح ہے۔ ہندو کشمیر میں مسلمانوں کو بے گناہ قتل کر رہے ہیں جبکہ پاکستان کے حکمران اور قوم کے اوباش افراد ہندو تہوار ''بسنت'' منا کر شہداءِ کشمیر کے مقدس خون سے غداری کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ''بوکاٹا'' کے شور میں آزادیٔ کشمیر کے نعرہ کو دبانے کی سازش ناکام بنا دی جائے گی۔ امیرِ احرار نے کہا کہ اس کافرانہ رسم پر اربوں روپے تباہ کرنے کی بجائے اگر جہاد فنڈ میں یہ رقم جمع کرادی جائے تو آزادیٔ کشمیر کی منزل قریب تر ہو سکتی ہے اور اس رقم سے ملکی قرضے بھی اتارے جا سکتے ہیں سید عطاء المہیمن بخاری نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ''بسنت'' کی سرکاری سرپرستی کرنے کی بجائے اس پر پابندی لگائی جائے تا کہ اس موقع پر ہونے والی فحاشی و عریانی اور دہشت گردی کا سدِ باب ہو انہوں نے کہا کہ جہادی تنظیموں اور مجاہدین کو دہشت گرد قرار دینے والے حکمران ''بسنت'' پر ہونے والی کلاشنکوف کی فائرنگ، کو نہ روک سکے۔ انہوں نے کہا کہ جہاد اور جہادی تنظیموں کو ختم کرنے اور دینی مدارس پر قبضہ کر کے انہیں بند کرنے کا خواب دیکھنے والے حکمران ملک سے چوری، اغواء، زنا، جواء، ڈکیتی، قتل و غارت گری اور عریانی و فحاشی کو تو بند نہ کر سکے حکمرانوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ جہاد انہی بیماریوں اور جرائم کو ختم کر کے معاشرہ میں امن و سلامتی قائم کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔

## دنیا بھر کے مسلمانوں میں جذبہ جہاد بیدار ہو رہا ہے

### چیچنیا اور فلسطین کے نہتے مسلمانوں کو بے گھر کر کے ان کا ظالمانہ قتل مسلمان کے وجود کو مٹانے کی خواہش ہے

### ہم امریکہ، روس، برطانیہ، اسرائیل، بھارت کے اسلام دشمن عزائم خاک میں ملا دیں گے

حضرت امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ

میاں چنوں (۲۳ فروری) جامع مسجد عثمانیہ میں حرکت المجاہدین کے زیر اہتمام جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے حضرت امیر احرار سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے کہا کہ دنیا بھر کے مسلمانوں میں جذبۂ جہاد بیدار ہو رہا ہے۔ یہود و نصاریٰ جہاد کو مٹانے کیلئے اکٹھے ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسامہ کا بہانہ بنا کر افغانستان پر حملہ اور اقتصادی پابندیاں عرب ممالک کی دولت ہتھیانے کیلئے عراق پر مسلسل حملے اور پابندیاں، چیچنیا اور فلسطین کے نہتے مسلمانوں کو بے گھر کر کے ان کا ظالمانہ قتل یہ سب کچھ دنیا سے مسلمانوں کا وجود مٹانے کی سفاک خواہشیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم امریکہ و روس، برطانیہ و اسرائیل اور بھارت کے اسلام دشمن عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔ انہوں نے کہ طالبان مسلمانوں کی امداد کے سب سے زیادہ مستحق ہیں۔ ہم ان کی اخلاقی و مالی امداد سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کسی بھی صورت میں دستبردار نہیں ہوں گے۔ طالبان نے اسلامی حکومت قائم کر کے کئی نسلوں کا قرض اتارا ہے۔ افغانستان کا اسلامی انقلاب دنیا بھر کے مسلمانوں اور مسلم حکمرانوں کیلئے فکر و ہدایت کا باعث ہے۔ حضرت امیر المؤمنین ملا محمد عمر حفظہ اللہ بیسویں صدی کے سب سے بڑے آدمی ہیں۔ انہوں نے گزشتہ کئی صدیوں کی نقاب الٹ کر تاریخ کا سب سے بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ صدیوں میں ایسے آدمی کی نظر نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ ہماری ہر قسم کی حمایت حضرت امیر المؤمنین کیلئے ہے اور ہمیں طالبان کی حمایت سے کوئی روک نہیں سکتا جلسہ سے حرکت المجاہدین کے مرکزی رہنما مولانا اللہ وسایا قاسم نے بھی خطاب کیا۔

## ☆ فریضۂ جہاد فاسق و فاجر حکم رانوں کی ضرورتوں اور مفادات کے تابع نہیں

## ☆ اسلام اور مسلمانوں کا تحفظ جہاد سے ہی ممکن ہے

## ☆ جہاد اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کے لئے نعمت ہے

**حضرت پیرجی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ**

ریتڑہ (۲۵، فروری) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم نے کہا ہے کہ فریضۂ جہاد فاسق و فاجر حکمرانوں کی ضرورتوں اور مفادات کے تابع نہیں۔ جہاد اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمام مسلمانوں پر فرض کیا گیا ہے۔ تمام انبیاء و رسل نے فریضۂ جہاد اداء کیا ہمارے نبی سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی جہاد کیا اور یہ پیش گوئی بھی فرمائی کہ ''جہاد قیامت تک جاری رہے گا'' جب کسی نبی اور رسول نے جہاد کو بند نہیں کیا تو اب کوئی بھی شخص مسلمانوں کو کفار و مشرکین کے خلاف جہاد کرنے اور چندہ جمع کرنے سے نہیں روک سکتا۔ وہ جامع مسجد ریتڑہ تحصیل تونسہ میں ایک جلسہ سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہودی و عیسائی اور تمام کافر ممالک مسلمانوں سے صرف جہاد کی برکت سے خوفزدہ ہیں۔ جہاد اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کیلئے نعمت ہے۔ اسلام اور مسلمانوں کا تحفظ جہاد سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فریضہ سے روگردانی کرنے والے اور راستہ روکنے والے اللہ کے عذاب کا شکار ہو کر نشانِ عبرت بن جائیں گے۔

ستائیسویں ۲۷ سالانہ
مجلس ذکر حسین رضی اللہ عنہ

۱۰ محرم ۱۴۲۲ھ ۵، اپریل ۲۰۰۱ء بروز جمعرات
صبح ۱۰ بجے تا نمازِ عصر

دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ☆ خود مختار کشمیر یا تھرڈ آپشن دراصل امریکی ایجنڈا ہے۔

☆ یہودی وقادیانی ایجنٹ اعجاز منصور کی امریکہ سے پراسرار پاکستان آمد انتہائی تشویشناک ہے

**☆ افغانستان اور کشمیر میں اسلام اور پاکستان کی جنگ لڑی جا رہی ہے**

☆ امریکی ایجنڈے پر کام کرنے والے حکمران اور سیاست دان دین وملک اور قوم سے غداری کے مرتکب ہو رہے ہیں

☆ امریکہ اور اس کے حاشیہ بردار [illegible] کے غیر انسانی رویوں کے خلاف [illegible] ہے

☆ عالمی مالیاتی ادارے پاکستان کو معاشی واقتصادی طور پر تباہ کر کے اسلامی انقلاب کا راستہ روکنا چاہتے ہیں

## عبداللطیف خالد چیمہ ناظم نشریات مجلس احرار اسلام

چیچاوطنی (۵، فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی ناظم نشریات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ خود مختار کشمیر یا تھرڈ آپشن دراصل امریکی ایجنڈا ہے اور عبدالستار ایدھی سمیت بعض نامور شخصیات شعوری یا غیر شعوری طور پر اس خطرناک منصوبے پر عمل درآمد کیلئے مہرے کے طور پر استعمال ہو رہی ہیں۔ وہ الحمد رد فاؤنڈیشن چیچا وطنی کے زیر اہتمام شہداء ختم نبوت چوک میں ''یوم یکجہتی کشمیر'' کے سلسلہ میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کر رہے تھے، مختلف مکاتب فکر کے نمائندہ علماء کرام اور مذہبی وسیاسی شخصیات نے بھی خطاب کیا۔

خالد چیمہ نے کہا کہ تقسیم ملک کے وقت گورداسپور کو انڈیا میں شامل رکھنے سے متعلق باؤنڈری کمیشن کے سامنے قادیانی جماعت کے مؤقف کی بنا پر کشمیر کو انڈیا سے زمینی راستہ میسر آیا جو آج تک مسئلہ کشمیر کے حل کے ضمن میں بڑی رکاوٹ ہے انہوں نے کہا کہ منکر جہاد قادیانی گروہ آج بھی طرح طرح کی سازشوں کے ذریعے ایسے مسائل کھڑے کر رہا ہے جن سے ملکی سلامتی کو خطرہ ہے انہوں نے کہا کہ یہودی وقادیانی ایجنٹ اعجاز منصور کی امریکہ سے پاکستان آمد اور پراسرار دورے انتہائی تشویشناک ہیں اور ملک کی خود مختاری اور اندرونی معاملات کے حوالے اس کی سرگرمیاں نہایت قابلِ اعتراض ہیں، حکومت کو اسکی وضاحت کرنی چاہیے۔

❁ چیچاوطنی (۱۶، فروری) مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام ''پاکستان میں بڑھتی ہوئی امریکی مداخلت'' کے حوالے سے منعقدہ مجلس مذاکرہ کے مقررین نے کہا ہے کہ امریکہ مسلم ممالک میں اپنی مرضی کی قیادت مسلط کر کے مسلمانوں کو دفاعی لحاظ سے مزید کمزور کرنا چاہتا ہے پاکستان کو امریکی مفادات اور امریکی پالیسیوں کے تابع بنا کر رکھ دیا گیا ہے، افغانستان اور کشمیر میں اسلام اور پاکستان کی جنگ لڑی جا رہی ہے قوم کو مرعوبیت سے نکال کر خود

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



داری سکھانے والے خود امریکہ کی مرضی کے غلام بن کر رہ گئے ہیں خان محمد افضل کی صدارت میں دفتر احرار جامع مسجد چیچہ وطنی میں ہونے والے مذاکرے سے ممتاز عالمِ دین مولانا محمد ارشاد، جمعیت علماء اسلام کے مولانا عبدالباقی اور مفتی عثمان غنی، جماعت اسلامی کے خان حق نواز خان، پریس کلب کے سرپرست اسلم شیخ فلاحی تنظیم المجاہد کے محمد شفیق ڈوگر، مجلس احرار اسلام کے عبداللطیف خالد چیمہ اور مولانا عبدالنعیم نعمانی، سپاہ صحابہ کے مولانا لطف اللہ، جیشِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حافظ جاوید نے خطاب کیا، مولانا محمد ارشاد نے کہا کہ ایمان واخلاص کی طاقت سے مسلح ہوکر روس کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے والے امریکہ کی بربادی کا سامان پیدا کر رہے ہیں سچائی اور استقامت کے سامنے کوئی نہیں ٹھہر سکے گا خان حق نواز خان نے کہا کہ ہمارے حکمران قوم کو ذہنی غلامی کی طرف دھکیل رہے ہیں امریکہ ایجنڈے پر کام کرنے والے حکمران اور سیاستدان دین اور ملک وقوم سے غداری کے مرتکب ہو رہے ہیں آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی پالیسیوں پر کام کرنے والے دہشت گردی کے نام پر مذہبی قوتوں کو بلیک میل نہیں کر سکتے میجر (ر) محمد شفیق ڈوگر نے کہا کہ قرضے دیکر پاکستان کو مجبور کیا گیا کہ ملک کی تمام اقتصادی وسیاسی پالیسیاں امریکی مفادات کے مطابق بنائی جائیں محمد اسلم شیخ نے کہا کہ ہماری حکومتیں بنتی اور ٹوٹتی امریکہ میں ہیں، کارگل کا ہیرو وہاں جاکر زیرو ہوگیا مفتی عثمان غنی نے کہا کہ ملٹی نیشنل کمپنیوں اور این جی اوز کے پردہ میں پاکستان کی سلامتی کے خلاف خطرناک کھیل کھیلا جارہا ہے۔ مولانا عبدالباقی نے کہا کہ امریکہ مذہبی قوتوں سے ہی خوفزدہ ہے اور وہ ہمارے حکمرانوں کی اپنی مرضی کے اسباق پڑھا رہا ہے حافظ جاوید نے کہا کہ غلبۂ اسلام پاکستان کا مقدر ہے اور مسلمان کا مقصد حیات بھی یہی ہے کہ اللہ کی حکمرانی قائم کرے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ جہاد کو دہشت گردی کہنے والے وزیر داخلہ امریکہ نوکری کا حق نمک ادا کر رہے ہیں امریکہ اور اس کے حاشیہ برداروں کے غیر انسانی رویوں کے خلاف بیداری پیدا کرنا ہمارا فطری حق ہے پاکستان کشمیر اور افغانستان کا بیس کیمپ ہے مولانا عبدالنعیم نعمانی نے کہا کہ امریکہ ومغرب افغانستان سے خائف نہیں بلکہ افغانستان میں جو نظام نافذ کیا گیا ہے جس سے ایک ماڈل اسلامی حکومت سامنے آئی ہے اس سے خائف ہے۔ سپاہ صحابہ کے مولانا لطف اللہ نے کہا کہ جنرل مشرف ہمیں بنیاد پرستی کا طعنہ دیکر اپنے امریکی آقا کو خوش کرنے کی مذموم کوشش میں لگے ہوئے ہیں بنیاد پرستی ہمارے لیئے طعنہ نہیں اعزاز ہے مذاکرہ میں مرکزی انجمن تاجران، انجمن شہریاں اور الحمد ردفاؤنڈیشن کے نمائندوں سمیت ممتاز مذہبی شخصیات نے بھی شرکت کی جامعہ علوم شرعیہ ساہیوال کے مولانا محمد نذیر نے دعا کرائی۔

بورے والا (۱۸، فروری) مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب ناظم سید محمد کفیل بخاری نے کہا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے کہ تمام مذہبی قوتوں کو اسلامی نظام کے عملی نفاذ سے یک نکاتی ایجنڈے پر متحد ہو کر حکومت پر اپنا دباؤ بڑھانا چاہیے، عالمی مالیاتی ادارے پاکستان کو معاشی و اقتصادی طور پر تباہ کر کے دراصل افغانستان میں برپا ہونے والے اسلامی انقلاب کا راستہ روکنا چاہتے ہیں مولانا عبدالنعیم نعمانی کی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جہاد کو دہشت گردی اور چندے کو بھتہ قرار دینے والے وزیر داخلہ حواس باختہ ہو گئے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت این جی اوز کو لادینیت اور بدکاری پھیلانے کیلئے فنڈز مہیا کر رہی ہے جبکہ جہادی تنظیموں کو عوام الناس سے ملنے والے عطیات بند کرنا چاہتی ہے لیکن ایسا کبھی نہیں ہو سکتا۔

مجلس احرار اسلام کے مرکزی ناظم نشریات عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ ملٹی نیشنل کمپنیاں پاکستان میں اپنی زمینیں خرید کر اپنا تسلط بڑھانا چاہتی ہیں اس طرح ایک طویل دورانیے والی خطرناک سازش پر عمل ہو رہا ہے جس کا تعلق براہِ راست ہمارے مذہب اور ملکی خود مختاری سے ہے حکمران تمام پالیسیاں مفادات کے تابع ہو کر بنا رہے ہیں بعد ازاں بورے والا اور علاقائی کارکنوں کی تربیتی نشست سے سید محمد کفیل بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ اور سید محمد یونس بخاری نے خطاب کیا، مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن میاں محمد اویس (لاہور) محمد آصف چیمہ (چیچہ وطنی) اور ابو معاویہ عبدالقادر خالد (چیچاوطنی) بھی اس موقع پر موجود تھے سید کفیل بخاری اور خالد چیمہ نے جماعت کے تنظیمی امور کا جائزہ لیا اور اپنی نگرانی میں مقامی انتخابات کرائے۔

بعد ازاں احرار رہنماؤں نے مدرسہ عربیہ اسلامیہ میں مولانا عبدالرؤف نعمانی اور جامعہ حنفیہ میں قاری محمد طیب سے ملاقات کی بعد نماز مغرب صوفی عبدالشکور احرار کی طرف سے دی گئی ضیافت میں بھی شرکت کی۔

## امیر احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

- ☆ ۲۸، فروری ۲۰۰۱ء درسِ قرآن کریم، مسجد نور ملتان، بعد نماز عشاء
- ☆ ۲، مارچ: خطبۂ جمعہ مدنی مسجد احرار مرکز چنیوٹ
- ☆ ۳ تا ۹، مارچ: قیام چناب نگر عید الاضحیٰ و خطبۂ جمعہ مسجد احرار چناب نگر
- ☆ ۱۱، ۱۲، مارچ: قیام ملتان
- ☆ ۱۳، مارچ: خطاب بعد از ظہر بہاولپور گھلواں (داعی مولانا نظام الدین صاحب، حاجی غلام مصطفٰی)
- ☆ ۱۴، تا ۱۸ مارچ: خطبات و ملاقات کارکنان احرار شہلی غربی، حاصل پور چشتیاں، بہاول نگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



☆ ۲۰، تا ۲۴، مارچ قیام چناب نگر

☆ ۲۲، ۲۳، مارچ دو روزہ شہداءِ ختم نبوت کانفرنس مسجد احرار چناب نگر

☆ ۲۵، ۲۶، مارچ (اتوار، پیر) قیام دفتر احرار مسلم ٹاؤن لاہور

☆ ۲۶، مارچ: بروز پیر بعد نمازِ مغرب مجلس ذکر و اصلاحی بیان: دفتر احرار لاہور

☆ ۲۹، مارچ بروز جمعرات ماہانہ مجلس ذکر و اصلاحی بیان۔ دارِ بنی ہاشم ملتان

☆ ۳۰، مارچ خطبۂ جمعہ ملتان ☆ ۵۔ اپریل تک قیام ملتان

۵، اپریل، ۱۰ محرم بروز جمعرات خطاب مجلس ذکرِ حسین، دارِ بنی ہاشم ملتان

۶، اپریل خطبۂ جمعہ مدنی مسجد احرار مرکز چنیوٹ

مجلس احرارِ اسلام کے زیر اہتمام مدرسہ ختم نبوت، مسجد احرار، چناب نگر میں

# فری آئی کیمپ

امیر احرار، ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المھیمن بخاری دامت برکاتھم کی سرپرستی میں چناب نگر کے غریب اور پسماندہ مسلمانوں کی خدمت کے لئے

۲۵، ۲۶، ۲۷، فروری ۲۰۰۱ء کو مدرسہ ختم نبوت مسجد احرار چناب نگر میں امراض چشم کے مفت علاج اور آپریشن کا اہتمام کیا گیا ☆ محترم ملک محمد یوسف صاحب (لاہور) نے ادویات اور نقد رقوم سے تعاون فرمایا

☆ محترم ڈاکٹر اخلاق احمد صاحب (ماہر امراض چشم الائیڈ ہسپتال فیصل آباد) نے اپنے عملے سمیت قیمتی وقت نکال کر تین دن اس کارِ خیر کیلئے وقف فرمائے۔ انہوں نے ۲۰۳ مریضوں کا معائنہ کیا اور فوری ادویات تجویز کیں جبکہ ۱۵ مریضوں کی آنکھوں کا آپریشن کیا۔ مریضوں اور ان کے لواحقین کے قیام و طعام کا انتظام مجلس احرارِ اسلام نے کیا۔ مدرسہ ختم نبوت کے اساتذہ خصوصاً مولانا محمد مغیرہ نے تمام امور کی نگرانی فرمائی، طلباء اور خدام نے مریضوں کی خدمت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اللہ تعالیٰ تمام معاونین کو اس کارِ خیر کو انجام دینے پر جزاءِ خیر عطاء فرمائے۔ (آمین)

منجانب: مجلس احرار اسلام پاکستان

© rasailojaraid.com